Urdu | اردو

ہماری بڑھتی ہوئی اور قابل فخر متنوع کمیونٹی کی سپورٹ

آپ کے 2024/25 کے ریٹس سارا سال استعمال ہوں گے، جو ہیوم کمیونٹی میں ہر ایک کے لیے زندگی بھر کی خدمات اور اہم پروجیکٹس کو فنڈ فراہم کرتے ہیں۔

اپنے مستقبل کے ریٹس نوٹس الیکٹرانک طور پر وصول کرنے کے لیے آپٹ ان کریں اور **$250** واؤچر جیتنے کے لیے قرعہ اندازی میں شامل ہوجائیں۔

hume.vic.gov.au/e-notices

ہم Wurundjeri Woi-wurrung کے لوگوں کو اس سرزمین کے روایتی مالکان کے طور پر تسلیم کرتے ہیں جہاں ہیوم سٹی واقع ہے، بشمول Gunung-Willam-Blluk قبیلے کے موجودہ خاندان کے افراد۔

HUME CITY COUNCIL

زبان میں مدد

- العربية
- ܐܬܘܪܝܐ
- 简体中文
- English
- فارسی
- Ελληνικά
- हिन्दी
- Italiano
- Lebanese
- नेपाली
- ਪੰਜਾਬੀ
- Türkçe
- اردو
- Tiếng Việt

ہیوم لنک

کثیر لسانی ٹیلی فون انفارمیشن سروس

انکوائریاں 9205 2200

9679 9815	للمعلومات باللغة **العربية**
9679 9809	ܡܘܕܥܢܘܬܐ ܒܠܫܢܐ ܐܬܘܪܝܐ
9679 9816	Za informacije na **bosanskom**
9679 9817	Za informacije na **hrvatskom**
9679 9818	Για πληροφορίες στα **ελληνικά**
9679 9819	Per avere informazioni in **italiano**
9679 9820	За информације на **српском**
9679 9821	Para información en **español**
9679 9822	**Türkçe** bilgi için
9679 9823	Muốn biết thông tin tiếng **Việt**
9679 9824	دوسری زبانوں کے لیے...

دوسری زبانوں میں معلومات کے لیے-

hume.vic.gov.au/translate

ہمارے ساتھ رابطہ کریں

9205 2200

contactus@hume.vic.gov.au

hume.vic.gov.au/subscribe

HumeCityCouncil

HUME CITY COUNCIL

فنانشل ہارڈ شپ سپورٹ یا مالی مشکلات کے دوران معاونت

گر آپ کو اپنے ریٹس ادا کرنے میں دشواری ہو رہی ہے تو ادائیگی کے پلان موجود ہیں۔

آپ اپنے ریٹس قسطوں میں ادا کرنے کے لیے بغیرسود کے ہفتہ وار، پندرہ روزہ یا ماہانہ ڈائریکٹ ڈیبیٹ ادائیگی پلان کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

درخواست میں تقریباً پانچ منٹ لگتے ہیں اور آپ کو اپنے ریٹس اور ویلیویشن نوٹس پر درج اپنے پراپرٹی نمبر کی ضرورت ہوگی۔

مزید جاننے کے لیے **hume.vic.gov.au/rates** پر جائیں یا ریٹس ٹیم کو 9205 2200 پر کال کریں۔

زائد المعیاد ریٹس پر سود کی ادائیگی سے بچنے کے لیے، وقت پر ادائیگی یقینی بنائیں۔

کربسائڈ ویسٹ چارج میں تبدیلیاں

فوڈ اینڈ گارڈن بنز (سبز بن) اب ہیوم کی بنیادی گھریلو بن سروس کا حصہ ہیں۔ گرین بن کی لاگت اب آپ کے کچرے اور ری سائکلنگ بنز کے ساتھ کربسائڈ ویسٹ چارج کا حصہ ہے۔

اگر آپ کے پاس ماضی میں سبزبن تھا جو آپ نے اپنی مرضی سے رکھا تھا، تو اس کے اضافی چارج کو آپ کے ریٹس کے نوٹس سے ہٹا دیا گیا ہے۔

اضافی یا بڑے بنز کے لیے الگ سے چارجز اب بھی لاگو ہوتے ہیں۔

hume.vic.gov.au/waste-service-charge پر جائیں

ہم اپنی بڑھتی ہوئی کمیونٹی کو سپورٹ کرنے کے لیے ذمہ داری سے سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔

2024/25 کا بجٹ ہماری لائبریریوں، تفریحی مراکز، پری اسکول، زچہ و بچہ کی صحت اور معمر افراد اور معذوری کے پروگراموں سمیت روزانہ کی مختلف خدمات کے لیے $330 ملین فراہم کرے گا۔

نئی فنڈنگ میں $641 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری اگلے چار سالوں میں کمیونٹی سہولیات، سڑکوں، فٹ پاتھوں، پارکوں اور ریزورز میں کی جائے گی، جس میں اگلے 12 ماہ میں $154.82 ملین شامل ہیں۔

کونسل کے ریٹس میں 2.75 فیصد عمومی اضافہ وکٹورین حکومت کے قائم کردہ فیئر گو ریٹس سسٹم کے مطابق ہے، اور ہم اپنی خدمات کا جائزہ لیتے رہیں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ خدمات ہر ممکن حد تک موثر انداز میں اور کم لاگت میں فراہم کی جائیں۔

ہماری کوششوں کا مقصد سب کے لیے ایک ابھرتا ہوا، سب کو شامل رکھنے والا اور ایک پائیدار ہیوم تشکیل دینا ہے۔

آپ کے ریٹس ہر روز استعمال کیے جاتے ہیں

وہ ایک بہتر ہیوم بنانے میں مدد کرتے ہیں، ان جگہوں کو سپورٹ کرتے ہیں جہاں ہماری کمیونٹی اکٹھی ہوتی ہے اور 25 ایسی سروسز کو فنڈ کرتے ہیں جو 100 سے زائد پروگرام اور سرگرمیاں فراہم کرتی ہیں۔

آپ کے ریٹس ایسے منصوبوں کی فراہمی میں مدد کرتے ہیں جو ہماری بڑھتی ہوئی اور متنوع کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ Dallas سے لے کر Somerton, Mickleham, Bulla تک اور اس کے درمیان ہر جگہ تک، ہم آپ کے مستقبل میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔

کونسل کے 2024/25 بجٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اس QR کوڈ کو اسکین کریں۔

آپ ہماری کچھ خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے درج ذیل دیکھیں یا **hume.vic.gov.au** پر جائیں۔

اگلے 12 مہینوں میں آپ کے ریٹس اور چارجز یہ فنڈ کرنے میں مدد کریں گے:



آپ کونسل کے 2024/25 بجٹ کے بارے میں **hume.vic.gov.au/budget** پرمزید پڑھ سکتے ہیں۔

HUME CITY COUNCIL